# URDU
## Paper - II

ہدایات : یہ پرچہ سو (100) معروضی سوالات پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لئے دو (2) نشانات مختص ہیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔

1. مغربی ہندی کی سب سے نمائندہ بولی کون سی مانی جاتی ہے ؟
(A) کھڑی بولی
(B) برج بھاشا
(C) ہریانوی
(D) قنوجی

2. ذیل میں سے کس علم کو لسانیات کی کلید کہا جاتا ہے ؟
(A) معنیات
(B) صوتیات
(C) صرفیات
(D) نحویات

3. کھڑی بولی کی کتنی شاخیں ہیں ؟
(A) دو (B) تین
(C) چار (D) پانچ

4. ذیل کی کن بولیوں میں اسما کی جمع بنانے کے لئے ان کے آخر میں "اں" کا اضافہ کرتے ہیں ؟
(A) اودھی ، بھوجپوری
(B) برج ، گجراتی
(C) مراٹھی ، گجراتی
(D) دکنی ، ہریانوی

5. ذیل میں کون سی آوازیں ہندی اور فارسی میں مشترک نہیں ہیں ؟
(A) ٹ ، ڈ
(B) ب ، چ
(C) پ ، گ
(D) ش ، ہ

6. لسانیات کی کون سی شاخ ہے جو کسی زبان میں کام آنے والی اہم اور تفاعلی آوازوں کا مطالعہ کرتی ہے ؟
(A) معنیات
(B) فونیمیات
(C) نحویات
(D) مارفیمیات

7. "اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اُردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے"۔
یہ قول کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟
(A) اُردوے قدیم
(B) باغ و بہار
(C) پنجاب میں اُردو
(D) آب حیات

8. "لسانیات روایتی قواعد کی اصطلاحات نہیں اپنا سکتی کیونکہ لسانیات کی اصطلاحیں بالکل وہی مفہوم پیش نہیں کرتیں"۔
یہ قول کس کا ہے؟
(A) مسعود حسین خاں
(B) رشید حسن خاں
(C) گیان چند جین
(D) ڈاکٹر زور

9. اُردو کے پنجابی سے بننے یا سرزمین پنجاب سے پیدا ہونے کا خیال محمود شیرانی سے پہلے کس نے پیش کیا تھا؟
(A) شیر علی خاں سرخوش
(B) جارج ابراہیم گریرسن
(C) لیونارڈ بلوم فیلڈ
(D) روڈولف ہارنلے

10. شور سینی پراکرت کا مرکز کون سا علاقہ تھا؟
(A) متھرا (B) جنوبی بہار
(C) کشمیر (D) سندھ

11. مثنوی سحر البیان کا دیباچہ کس نے لکھا؟
(A) شیر علی افسوسؔ
(B) مصحفیؔ
(C) میر تقی میرؔ
(D) مرزا قتیلؔ

12. سب سے پہلے دکن کے کس شاعر نے واقعاتِ کربلا نظم کئے؟
(A) مرزا (B) تٹامی
(C) نصرتی (D) اشرف

13. ان میں مدح کا مترادف کیا ہے؟
(A) ممدوح (B) تحمید
(C) مداح (D) ملتحص

14. ذیل میں شعراء کے نام اور ان کی تاریخ وفات دی گئی ہے صحیح جوڑ لگائیے۔
1. میر انیس الف) 1875ء
2. مرزا دبیر ب) 1869ء
3. غالب ج) 1979ء
4. جمیل مظہری د) 1874ء

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | د | ج | ب | الف |
| (B) | الف | ب | ج | د |
| (C) | د | الف | ب | ج |
| (D) | ب | ج | د | الف |

15. مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" میں کس کی مدح کی گئی ہے؟
(A) سلطان علاؤ الدین بہمنی
(B) فیروز شاہ بہمنی
(C) احمد شاہ بہمنی
(D) محمد شاہ بہمنی

16. مصحفی نے "تذکرۂ ہندی" میں کس شاعر کو خاقانی کا ہمسر ٹھہرایا ہے ؟

(A) میر حسن (B) میر تقی میر

(C) سودا (D) میر درد

17. یہ اشعار کس مثنوی سے ہیں ؟

دونوں کی رہی نہ جان تن میں
کاٹو تو لہو نہ تھا بدن میں
راتوں کو جو گنتے تھے ستارے
دن گننے لگے خوشی کے مارے
آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجئے
جاتا ہو تو اُس کا غم نہ کیجئے۔

(A) پھول بن (B) گلزارِ نسیم

(C) سحر البیان (D) گلزارِ ارم

18. اِس بند کا تعلق مرثیے کے کس جزو سے ہے ؟

رو کے چلائی کہ بَبے بَبے، مرے مظلوم حسین
فوجِ اعداء میں ترے قتل کی ہے دُھوم حسین
کچھ مجھے آنکھ سے ہوتا نہیں معلوم حسین
ہائے میں رہ گئی دیدار سے محروم حسین
مڑ کے دیکھو کہ مصیبت میں پڑی ہوں بھائی
ننگے سر بلوۂ اعداء میں کھڑی ہوں بھائی

(A) رُخصت (B) جنگ

(C) شہادت (D) بیَن

19. کس مثنوی میں مرکزی قصہ دوسرے ضمنی قصوں سے منسلک کر دیا گیا ہے ؟

(A) پھول بن (B) مینا ستونتی

(C) علی نامہ (D) یوسف زلیخا

20. ان میں کونسے بیانات درست ہیں ؟

الف۔ انیس لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔
ب۔ اُستاد ذوق، حافظ غلام رسول اور شاہ نصیر کے شاگرد تھے۔
ج۔ غالب کا انتقال آگرہ میں ہوا تھا۔
د۔ جمیل مظہری کا نام سید کاظم علی تھا۔

(A) الف اور ج (B) ب اور ج

(C) ب اور د (D) ج اور د

21. ذیل میں شعراء اور ان کی جائے وفات دی گئی ہے، صحیح جوڑ بتلایئے۔

1. فراق گورکھپوری الف) گونڈہ
2. مجروح سلطان پوری ب) الہ آباد
3. جگر مراد آبادی ج) دہلی
4. اصغر گونڈوی د) ممبئی

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | الف | ج | ب | د |
| (B) | ج | د | الف | ب |
| (C) | ب | د | الف | ج |
| (D) | ج | الف | ب | د |

22. ع اب نہیں دِل کو کسی صورت کسی پہلو قرار
مصرعِ ثانی کی نشاندہی کیجیے۔

(A) اضطرابِ شوق نے اک حشر برپا کر دیا

(B) ہم یہ سمجھے تھے کہ اب دل کو شکیبا کر دیا

(C) کیا کیا میں نے کہ اظہارِ تمنا کر دیا

(D) اُس نگاہِ ناز نے کیا سحر ایسا کر دیا

23. ان الفاظ کی نشاندہی کیجیے ، جن سے مصرعِ اولیٰ کی تکمیل ہو۔

۔ سادگی و پُرکاری .............

حسن کو تغافل جرأت آزما پایا۔

(A) دل بری و دل داری

(B) بے خودی و ہشیاری

(C) بے کلی و سرشاری

(D) دل بری و غم خواری

24. زمانی اعتبار سے شہریار کے شعری مجموعوں کی صحیح ترتیب کیا ہے ؟

(A) اسم اعظم ، نیند کی کرچیں ، خوابوں کا در بند ہے ، ساتواں در

(B) نیند کی کرچیں ، خوابوں کا در بند ہے ، ساتواں در ، اسم اعظم

(C) اسم اعظم، ساتواں در ، خوابوں کا در بند ہے ، نیند کی کرچیں

(D) ساتواں در ، نیند کی کرچیں ، اسم اعظم ، خوابوں کا در بند ہے

25. صبح تک شمع سر کو دھنتی رہی - کیا پتنگے نے التماس کیا
اس شعر میں کونسی صنعت ہے ؟

(A) حسن تعلیل

(B) مراعاۃ النظیر

(C) ایہام

(D) طباق

26. کس شاعر کو "پدم بھوشن "ایوارڈ سے نوازا گیا ؟

(A) مجروح سلطان پوری

(B) کلیم عاجز

(C) عرفان صدیقی

(D) جگر مُراد آبادی

27. کس شاعر نے موت کو ایک کائناتی حقیقت اور غم کو ایک بسیط آفاقی عنصر بنا کر پیش کیا؟

(A) میر تقی میرؔ

(B) شادؔ عظیم آبادی

(C) فانیؔ

(D) اصغرؔ گونڈوی

28. "غزل انتہاؤں کا ایک سلسلہ ہے "
(A series of climaxes) یہ رائے کس نقاد نے دی ہے ؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) فراق گورکھپوری

(C) یوسف حسین خان

(D) آلِ احمد سرور

29. کس نے سب سے پہلے "دیوانِ ولی" مرتب کیا؟

(A) گارساں دتاسی

(B) احسن مارہروی

(C) نور الحسن ہاشمی

(D) لئیق صلاح

30. عہدِ غالب کے کس شاعر کے کلام کا امتیازی وصف نازک خیالی ہے؟

(A) ذوق

(B) شیفتہ

(C) شاہ نصیر

(D) مومن خاں مومن

31. لاہور میں منعقد کئے گئے موضوعی مشاعروں کے بارے میں کونسا بیان درست ہے؟

(A) یہ مشاعرے محکمۂ تعلیم حکومتِ پنجاب کے زیرِ اہتمام منعقد ہوئے تھے

(B) یہ مشاعرے انجمنِ پنجاب کے زیرِ اہتمام منعقد ہوئے تھے

(C) ان مشاعروں کے انعقاد کا سہرا محمد حسین آزاد کے سر ہے

(D) یہ مشاعرے سر سید کے ایماء پر منعقد کئے گئے

32. عبدالحلیم شرر کے رسالہ .......... نے جدید نظم کو فروغ دینے میں نمایاں حصہ لیا۔

(A) نیا دَور (B) شاعر

(C) ہمایوں (D) دل گداز

33. دنیا میں بہت تھی چاہ تیری
سب دیکھ رہے تھے راہ تیری
تجھ سے ہے کھلا یہ راز قدرت
راحت ملتی ہے بعدِ کلفت
طاؤس کو ناچنا بتایا
کوئل کو الاپنا سکھایا
جب مور ہے ناچنے پہ آتا
آپے سے ہے اپنے گزرا جاتا

یہ اشعار کس نظم سے ماخوذ ہیں؟

(A) نشاطِ اُمید

(B) جواں مردی کا کام

(C) برکھارت

(D) مناجاتِ بیوہ

34. کس نظم کا اختتام درج ذیل مصرعوں پر ہوتا ہے؟
اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفل کرلو
اب یہاں کوئی نہیں کوئی نہیں آئے گا

(A) چاند تاروں کا بن

(B) تنہائی

(C) صبحِ آزادی

(D) باز آمد

35. ع دیوار کے نیچے آکر یوں جمع ہوئے زندانی

مصرعِ ثانی کی نشاندہی کیجئے۔

(A) ابلیں گے زمیں سے مارِ سیہ ، برسیں گی فلک سے شمشیریں

(B) سینوں میں طلاطم بجلی کا آنکھوں میں جھلکتی شمشیریں

(C) اکتائے ہیں شاید کچھ قیدی اور توڑ رہے ہیں زنجیریں

(D) اک روز اِسی خاموشی سے ٹپکیں گی دہکتی تقریریں

36. ذیل میں شعراء اور ان کی نظموں کے نام دئے گئے ہیں۔ صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے۔

1. اکبر الٰہ آبادی الف) بازگشت

2. اخترالایمان ب) گریز

3. ساحرلدھیانوی ج) دربارِ دہلی

4. شفیق فاطمہ شعریٰ د) باز آمد

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | الف | ب | ج | د |
| (B) | ب | ج | د | الف |
| (C) | ج | الف | ب | د |
| (D) | ج | ب | د | الف |

37. اقبال کی نظم "لالۂ صحرا" کتنے اشعار پر مشتمل ہے ؟

(A) آٹھ (B) نو

(C) دس (D) بارہ

38. ہندوستان کی آزادی کے پس منظر میں مخدوم محی الدین کی تخلیق کردہ نظم کونسی ہے ؟

(A) حویلی

(B) انقلاب

(C) چاند تاروں کا بن

(D) چارہ گر

39. ساحرلدھیانوی کی نظم "چکلے" میں سماج کے کس طبقے کی نمائندگی کی گئی ہے ؟

(A) مزدور طبقہ

(B) سیاسی طبقہ

(C) مالدار طبقہ

(D) طوائفوں کا طبقہ

40. "سلسلۂ مکالمات" کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(A) ساحر لدھیانوی

(B) شفیق فاطمہ شعریٰ

(C) مخدوم محی الدین

(D) جوش ملیح آبادی

41. تمثیلی داستان کے اعتبار سے کسے اولیت حاصل ہے ؟

(A) فسانۂ عجائب (B) رانی کیتکی کی کہانی

(C) سب رس (D) فسانۂ آزاد

42. ملکہ مہر نگار کس داستان کا کردار ہے ؟

(A) فسانۂ عجائب (B) باغ و بہار

(C) سب رس (D) نوطرز مرصع

43. ڈراما "انارکلی" میں انارکلی کا اصلی نام کیا ہے ؟

(A) سائرہ (B) نادرہ

(C) فائزہ (D) واجدہ

44. آغا حشر کاشمیری کا انتقال کب اور کہاں ہوا ؟

(A) 1930ء امرتسر

(B) 1934ء کشمیر

(C) 1935ء لاہور

(D) 1936ء بنارس

45. "کربل کتھا" کتنی مجلسوں پر مشتمل ہے ؟

(A) دس (B) بارہ

(C) چودہ (D) پندرہ

46. میر امن کو فارسی داستان چہار درویش کو ٹھیٹھ ہندوستانی گفتگو میں ترجمہ کرنے کی ہدایت کس نے دی ؟

(A) میر شیر علی افسوس

(B) گارسان دتاسی

(C) میر بہادر علی حسینی

(D) ڈاکٹر جان گل کرسٹ

47. ذیل میں ایک دعویٰ ہے اور اس کی ایک دلیل ہے۔ انہیں پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ : اُردو ادبی نثر کا پہلا مستند نمونہ "سب رس" ہے۔

دلیل : وجہی نے نظم و نثر کے امتزاج سے ایک نیا اسلوب وضع کیا ہے۔

(A) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

(B) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(C) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(D) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے

48. "اندر سبھا" جب لکھنؤ میں کھیلی گئی تو لوگوں نے اس نئی چیز کو بہت پسند کیا۔ ہر طرف اس کا چرچا ہونے لگا۔ اس نے ہمارے ڈرامائی ادب کو اسٹیج کا راستہ دکھایا"۔

یہ خیال کس ادیب کا ہے ؟

(A) مسعود حسن رضوی

(B) امتیاز علی تاج

(C) ڈاکٹر مسیح الزماں

(D) عبد العلیم نامی

49. کس ڈرامے کی اہمیت ایمرجنسی کے پس منظر میں اُبھر کر سامنے آتی ہے ؟

(A) سات کھیل (B) بھوت گھر

(C) سلور کنگ (D) ضحاک

50. ان میں کونسا ڈراما آغا حشر کاشمیری کا نہیں ہے ؟

(A) شطرنج کے مہرے

(B) سفید خون

(C) یہودی کی لڑکی

(D) اسیر حرص

51. "فسانۂ آزاد" کے بارے میں درجِ ذیل خیال کس کا ہے؟

"فسانۂ آزاد کے کردار اُسی طرح زندگی کی بگڑی ہوئی صورتیں ہیں جیسی کارٹون میں ہیں لیکن اُن کی تفصیل قاری کو حقیقت تک لے جائے"

(A) کلیم الدین احمد

(B) عبادت بریلوی

(C) احتشام حسین

(D) آلِ احمد سرور

52. ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں کو "تمثیلی قصے" کس نے کہا تھا ؟

(A) وارث علوی (B) احسن فاروقی

(C) عبادت بریلوی (D) کلیم الدین احمد

53. فرقۂ باطنیہ کی سازشوں کا موضوع کونسا ناول ہے ؟

(A) فردوسِ بریں (B) خُدا کی بستی

(C) اُداس نسلیں (D) آگ کا دریا

54. کس نقاد نے "امراؤ جان ادا" کے موضوع کو لکھنؤ کا معاشرتی زوال قرار دیا ہے ؟

(A) ممتاز حسین

(B) خورشید الاسلام

(C) احتشام حسین

(D) اختر حسین رائے پوری

55. کس ناول کے مرکزی کردار میں ناول نگار کی شخصیت کا عکس نظر آتا ہے ؟

(A) امراؤ جان ادا

(B) ایک چادر میلی سی

(C) گئودان

(D) ٹیڑھی لکیر

56. جدیدیت کے زیرِ اثر اُردو افسانے پر

(A) رومانیت کا غلبہ ہوا

(B) دیہی مسائل کی عکاسی کی گئی

(C) نئی معنویت اور تہہ داری پیدا ہوئی

(D) علامت نگاری اور تجریدیت کو فروغ نہیں ملا

57. اِن میں سے کون ترقی پسند افسانہ نگار نہیں ہے ؟

(A) سریندر پرکاش

(B) خواجہ احمد عباس

(C) عصمت چغتائی

(D) راجندر سنگھ بیدی

58. تقسیم ہند کے بعد کس افسانہ نگار پر فحاشی کے الزام میں مقدمہ چلا ؟

(A) بلونت سنگھ (B) کرشن چندر

(C) سعادت حسن منٹو (D) راجندر سنگھ بیدی

59. جیلانی بانو نے کس افسانے کی بنیاد پر اپنی پہچان بنائی ؟

(A) ادو

(B) پرایا گھر

(C) اسکوٹر والا

(D) موم کی مریم

60. "سندر لال" کس افسانے کا کردار ہے ؟

(A) اپنے دکھ مجھے دے دو

(B) لاجونتی

(C) گرہن

(D) جوگیا

61. سنسکرت شعریات میں "رس" کا تصور کس نے دیا ؟

(A) بھرت منی

(B) ابھینو گپت

(C) آنند وردھن

(D) اچاریہ شنکر

62. مجنوں گورکھپوری کی تصانیف کس زمرے میں شامل ہیں ؟

(A) ادب اور کلچر ، تنقید اور تجربہ ، نئی تنقید

(B) نظر اور نظریۓ، مسرت سے بصیرت تک ، دانشور اقبال

(C) ادب اور زندگی ، غزل سرا ، تنقیدی حاشیۓ

(D) نکاتِ مجنوں ، نظم جدید کی کروٹیں ، نئے تناظر

63. کتھارسس کا نظریہ کس نے پیش کیا ؟

(A) فرائڈ

(B) سقراط

(C) افلاطون

(D) ارسطو

64. کس نقاد کو نفسیات اور ادب کے رشتے اور معنیات کی سائنس سے خاص دل چسپی تھی ؟

(A) میتھو آرنلڈ

(B) آئی ۔ اے ۔ رچرڈس

(C) لان جائنس

(D) ٹی ۔ ایس ۔ ایلیٹ

65. کس نقاد نے اُردو تنقید کو "معشوق کی موہوم کمر" سے تعبیر کیا ہے ؟

(A) مولانا حالیؔ

(B) محمد حسن عسکری

(C) کلیم الدین احمد

(D) شمس الرحمٰن فاروقی

66. کونسا زمرہ عربی شعریات سے متعلق ہے ؟

(A) شمس رازی ، امیر کیکاؤس ، ابن رشیق

(B) ابن قتیبہ ، ابن رشیق ، ابن خلدون

(C) عروضی سمرقندی ، ابن رشیق ، بھرت منی

(D) امداد امام اثر ، عبد القاہر جرجانی ، ابن قابوس

67. گیان چند جین نے کس محقق کو خدائے تدوین کہا ہے ؟

(A) مولوی عبد الحق

(B) عبد القادر سروری

(C) قاضی عبد الودود

(D) رشید حسن خاں

68. قدیم اُردو ادب سے متعلق تحقیقی کام سب سے پہلے کس زبان میں شروع ہوا؟

(A) انگریزی (B) فرانسیسی

(C) اطالوی (D) عربی

69. سب سے پہلے کس محقق نے اس بات کی نشاندہی کی کہ باغ و بہار کا ماخذ، فارسی قصہ چہار درویش نہیں بلکہ اُردو کی کتاب "نوطرزِ مرصع" ہے؟

(A) رشید حسن خاں

(B) قاضی عبد الودود

(C) مولوی عبد الحق

(D) گیان چند جین

70. ہمارے ادبی شعور کو اور زیادہ جدید، زیادہ سنجیدہ، زیادہ مغربی اور زیادہ بیدار ہونا چاہیئے لیکن مغربیت اور جدیدیت پر زور دینے سے مُراد یہ نہیں کہ ہم اپنے ماضی کے عظیم الشان کارناموں کو نظر انداز کریں"۔

یہ رائے کس ناقد کی ہے؟

(A) احتشام حسین

(B) مجنوں گورکھپوری

(C) سردار جعفری

(D) آلِ احمد سرور

درج ذیل اقتباس پڑھیئے اور اس پر مشتمل سوال نمبر 71، 72 اور 73 کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

"ہم کو اس کتاب میں اُس شخص کا حال لکھنا ہے جس نے چالیس سال برابر تعصب اور جہالت کا مقابلہ کیا، تقلید کی جڑ کاٹی اور بڑے بڑے علماء اور مفسرین کو للکارا"۔

71. یہ بیان کس ادیب کا ہے؟

(A) شبلی نعمانی

(B) مولانا حالی

(C) ڈپٹی نذیر احمد

(D) محمد حسین آزاد

72. مذکورہ اقتباس میں "اس کتاب" سے مُراد کونسی کتاب ہے؟

(A) یادگارِ غالب

(B) سیرۃ النعمان

(C) حیات سعدی

(D) حیاتِ جاوید

73. مذکورہ اقتباس میں "اُس شخص کا حال سے" کیا مُراد ہے؟

(A) تذکرہ

(B) خاکہ

(C) سوانح

(D) مضمون

74. ذیل میں انشائیہ نگار اور ان کے انشائیوں کے نام دئے گئے ہیں۔ صحیح جوڑ بتایئے۔

1. سجاد حیدر یلدرم — الف) غالب جدید شعراء کی ایک مجلس میں
2. کنہیالال کپور — ب) چارپائی
3. رشید احمد صدیقی — ج) لاہور کا جغرافیہ
4. پطرس بخاری — د) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | ج | الف | د |
| (B) | د | الف | ب | ج |
| (C) | د | ب | الف | ج |
| (D) | الف | ج | ب | د |

75. ان میں غیر متعلق کون ہے ؟

(A) رشید احمد صدیقی (B) مولوی عبدالحق

(C) فرحت اللہ بیگ (D) ممتاز حسین

76. کس مکتوب نگار نے اپنے خطوط میں کثرت سے اشعار کا استعمال کیا ہے ؟

(A) غالب (B) فیض

(C) مولانا آزاد (D) شبلی

77. کس خاکے کا اختتام اس شعر پر ہوتا ہے ؟

یہ چمن یوں ہی رہے گا اور سارے جانور
اپنی اپنی بولیاں سب بول کر اڑ جائیں گے

(A) نذیر احمد کی کہانی : کچھ ان کی کچھ میری زبانی

(B) نام دیو مالی

(C) کندن

(D) یاد کا عالم

78. "غبارِ خاطر" کے خطوط کس جیل میں لکھے گئے ؟

(A) رانچی (B) دہلی

(C) احمد نگر (D) کلکتہ

79. اُردو کا پہلا سفرنامہ کون سا ہے ؟

(A) ابنِ بطوطہ کے تعاقب میں

(B) عجائباتِ فرنگ

(C) سفرِ انگلستان

(D) سفرنامہ روم و مصر و شام

80. کس صنف کو دماغ کی آزاد ترنگ سے تعبیر کیا گیا ہے ؟

(A) خاکہ

(B) مضمون

(C) افسانہ

(D) انشائیہ

81. "ترقی پسند تحریک کا وہ ادب جو وقتی ضرورت کے تحت لکھا گیا تھا تاریخ کا حصّہ ہے اور وہ ادب جو زندہ ہے اور زندہ رہے گا، تاریخِ ادب کا عظیم کارنامہ ہے اور کوئی استدلال اس کو مٹا نہیں سکتا۔"

یہ خیال کس ادیب کا ہے ؟

(A) جوش ملیح آبادی

(B) محمد علی

(C) جاں نثار اختر

(D) علی سردار جعفری

**82.** ذیل میں ایک بیان اور ایک توجیہہ دی گئی ہے۔ دونوں کا مطالعہ کیجئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

بیان : فورٹ ولیم کالج کا قیام ایک منصوبہ تھا۔ جس کا مقصد اُردو کو فروغ دینا تھا۔

توجیہہ : فورٹ ولیم کالج میں لکھی گئی داستانیں زندگی کے قریب ہیں۔

(A) بیان صحیح ہے توجیہہ غلط ہے

(B) بیان صحیح ہے توجیہہ بھی صحیح ہے

(C) بیان غلط ہے توجیہہ صحیح ہے

(D) بیان غلط ہے توجیہہ بھی غلط ہے

**83.** کس تحریک میں دوسری زبانوں کے ادیب بھی نظریاتی اتحاد کی بنا پر ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئے ؟

(A) علی گڈھ تحریک

(B) ترقی پسند تحریک

(C) رومانی تحریک

(D) حلقۂ اربابِ ذوق

**84.** سر سید کے رفقاء میں کس نے علم کی لگن میں بیرونِ ملک کے مختلف کتب خانوں سے استفادہ کیا؟

(A) شبلی

(B) حالی

(C) محسنِ الملک

(D) ذکاء اللہ

**85.** ''شہاب کی سرگزشت'' اور ''شاعر کا انجام'' کس کے افسانے ہیں ؟

(A) سجاد حیدر یلدرم

(B) نیاز فتح پوری

(C) شرر

(D) ظ۔ انصاری

**86.** کس شاعر کو شباب اور شاعرِ انقلاب کہا گیا ہے ؟

(A) مخدوم

(B) فیض

(C) جوش

(D) علی سردار جعفری

**87.** ۔ کرے ہے دار کو کامل بھی سرتاج
ہوا منصور سے نکتہ یہ حلاّج
اس شعر میں ایہام کس لفظ میں پایا جاتا ہے ؟

(A) حلاّج (B) منصور
(C) کامل (D) سرتاج

**88.** مجلسِ داستان گویاں کو کِس کی تجویز پر "حلقۂ اربابِ ذوق" کا نام دیا گیا؟

(A) میراجی
(B) ڈاکٹر محمد باقر
(C) یوسف ظفر
(D) قیوم نظر

**89.** کس تحریک نے اُردو افسانے کو سماجی حقیقت پسندی کی طرف مائل کیا؟

(A) علی گڈھ
(B) رومانی تحریک
(C) ترقی پسند تحریک
(D) حلقۂ اربابِ ذوق

**90.** وجودیت کا فلسفہ کس تحریک کی پہچان ہے ؟

(A) جدیدیت
(B) علی گڈھ تحریک
(C) رومانیت
(D) مابعد جدیدیت

**91.** لوک گیتوں کے متعلق ذیل کے کون سے بیانات درست ہیں ؟

1. لوک گیتوں کے خالق گم نام ہوتے ہیں۔
2. لوک گیتوں کی ہئیت اور مصرعوں کا طول متعین ہوتا ہے۔
3. یہ انفرادی نہیں، اجتماعی ہوتے ہیں۔
4. ان کی تحریری سند ہوتی ہے۔

(A) پہلا اور چوتھا
(B) دوسرا اور چوتھا
(C) پہلا اور تیسرا
(D) دوسرا اور تیسرا

**92.** اُردو کی وہ کون سی صنفِ سخن ہے جو فارسی سے درآمد نہیں کی گئی اور جو صرف اُردو شاعری میں ملتی ہے ؟

(A) شخصی مرثیہ (B) مثنوی
(C) ریختی (D) لوری

**93.** کس صنفِ سخن میں کسی علاقے، ملک یا معاشرے کی حالتِ زار، تباہی و بربادی، زمانے کے انتشار اور آفات روزگار کا ذکر ہوتا ہے ؟

(A) واسوخت (B) شہر آشوب
(C) مرثیہ (D) ہجو

**94.** ذیل کی کون سی ہئیت مرثیے کے لئے مخصوص ہوگئی ہے ؟

(A) مسبع (B) معشر
(C) مخمس (D) مسدس

**95.** قطعہ کے بارے میں کون سے بیانات صحیح ہیں ؟

الف۔ قطعہ میں مطلع ہوتا ہے۔

ب۔ قطعہ میں مطلع نہیں ہوتا۔

ج۔ قطعہ میں اشعار کی تعداد مقرر ہوتی ہے۔

د۔ قطعہ کے اوزان مقرر نہیں ہیں۔

(A) الف اور ب

(B) ب اور د

(C) الف اور ج

(D) ب اور الف

**96.** صحافت کو "مملکت کا چوتھا ستون" کس نے کہا تھا ؟

(A) نپولین

(B) برنارڈ شا

(C) لارڈ میکالے

(D) ایلیٹ

**97.** دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کا قیام کب عمل میں آیا ؟

(A) 1915

(B) 1916

(C) 1917

(D) 1918

**98.** "رپورتاژ کو ہم واقعات کی ادبی اور محاکاتی رپورٹ کہہ سکتے ہیں۔"
یہ رائے کس ادیب کی ہے ؟

(A) مجنوں گورکھپوری

(B) احتشام حسین

(C) محمد حسن

(D) آل احمد سرور

**99.** ظ۔ انصاری کی تصنیف "کتاب شناسی" کا تعلق کس زمرے سے ہے ؟

(A) مقدمہ

(B) پیش لفظ

(C) تقریظ

(D) تبصرہ

**100.** کون سی تحریر اخبار کی پالیسی کا مظہر ہوتی ہے ؟

(A) کالم

(B) خبر

(C) اداریہ

(D) فیچر